## اورنگی ٹاؤن تھوران گوٹھ کے بارش متاثرین میں ایم کیو ایم کے کارکنان اور اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق نے آٹا اور پکا ہوا کھانا تقسیم کیا رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری اور کارکنان گلشن اقبال کی فیکٹری میں آتشزدگی کے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پہنچ گئے، امدادی سرگرمیاں انجام دیں

کراچی ۔۔۔10، اگست 2007ء۔۔۔ایم کیو ایم کے کارکنان اور اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق نے حالیہ بارشوں سے شدید متاثرہ اورنگی ٹاؤن کے علاقے 15/D تھوران گوٹھ کے 600 سے زائد گھروں کے متاثرین میں آٹا اور پکا ہوا کھانا تقسیم کیا۔انہوں نے متاثرہ گوٹھ کا تفصیلی دورہ کیا اور نکاسی آب کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا اور متاثرہ افراد سے ملاقاتیں کر کے انہیں اپنے ہر ممکن مدد و تعاون کا یقین دلایا۔واضح رہے کہ حالیہ بارشوں کے باعث تھوران گوٹھ اورنگی میں کئی فٹ پانی جمع ہے اور متاثرہ لوگوں بحالی و امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے کارکنان اور ٹاؤن کا عملہ مشترکہ طور پر کردار ادا کر رہا ہے۔اسی طرح گلشن اقبال ریلوے سوسائٹی B-13 میں واقع فیکٹری میں آتشزدگی کے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری، ٹاؤن ناظم واسع جلیل اور کارکنان جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور انہوں نے فائر بریگیڈ کے عملے کے ارکان کے ہمراہ امدادی سرگرمیاں انجام دیں جس کے باعث فیکٹری کی پہلی منزل پر ہی آتشزدگی پر قابو پالیا گیا۔اس موقع پر امدادی سرگرمیاں انجام دینے والے فائر بریگیڈ کے عملے اور ایم کیو ایم کے کارکنان نے کئی محنت کشوں کو فیکٹری سے باہر نکالا اور انہیں محفوظ مقام تک پہنچایا۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رکن اشفاق منگی نے بارش سے متاثرہ علاقوں کے دورے کئے ندی، نالوں کی کھدائی صفائی اور نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لیا اور متاثرین کو اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا

## بارش میں ندی نالوں کی کھدائی وصفائی اور نکاسی آب کے کاموں میں مصروف ٹاؤنز کا عملہ اور ایم کیو ایم کے کارکنان خراج تحسین کے مستحق ہیں، عبدالحسیب

کراچی ۔۔۔10، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رکن اشفاق منگی نے کراچی میں گزشتہ روز سے جاری موسلا دھار بارش سے متاثرہ مختلف علاقوں کے دورے کئے اور پانی کی نکاسی کیلئے ایم کیو ایم کے کارکنان اور متعلقہ ٹاؤنز کے عملے کی جانب سے ندی اور نالوں کی کھدائی سمیت دیگر کاموں کا جائزہ لیا۔ بارش کے فوراً بعد حق پرست ارکان اسمبلی نے اپنے اپنے حلقہ انتخاب کا دورہ کیا اور مختلف حادثات میں ہلاک ہونے والے افراد کی رہائشگاہوں پر جاکر تعزیت کیا اور ان سے دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔عبدالحسیب اور اشفاق منگی نے ٹاؤن کی مشینری کے ذریعے شفیق موڑ کے نالے کی کھدائی کرائی جس کے سبب روڈ پر آنے جانے والے پانی کی نکاسی نالے کے ذریعے ممکن ہوئی۔انہوں نے واٹر پمپ پر گلبرگ ٹاؤن اور ایم کیو ایم کے کارکنان کی جانب سے پانی کی نکاسی کے کاموں کا جائزہ بھی لیا۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے نیو کراچی یو پی موڑ سے اعظم چورنگی تک بارش کے پانی کی نکاسی کا کام اپنی نگرانی میں مکمل کرایا۔قبل ازیں انہوں نے گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد کمال کی جانب سے ندی کے کنارے آباد علاقے محمد کالونی، بنگالی پاڑا اور رحمٰن آباد کے متاثرہ افراد کیلئے سرور شہید اسکول اور ایگرو ٹیکنیکل اسکول بلاک 18 میں لگائے گئے ریلیف کیمپوں کا دورہ کیا اور متاثرہ افراد سے ملاقات کیں اور انہیں ایم کیو ایم اور حق پرست قیادت کی جانب سے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر متاثرہ افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم اور سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے حقیقتاً بارش میں پانی کی نکاسی کے انتظام، ندی نالوں کی کھودائی پر بھرپور توجہ دی ہے اور یہ پہلی دفعہ دیکھنے میں آیا کہ کسی ٹاؤن کا عملہ بارش کے فوراً بعد ہی اپنی ڈیوٹی انجام دے رہا ہو اور مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کیلئے اپنا کردار ادا کر رہا ہوں۔انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ایم کیو ایم کے مقامی ذمہ داران اور کارکنان کے عملی کردار کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور

عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ٹاؤن کے عملے اور ایم کیوایم کے کارکنان نے ثابت کردیا ہے کہ ان کے نزدیک مصیبت زدہ عوام کی خدمت کرنا ہی عبادت ہے۔رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست سٹی گورنمنٹ کا عملہ اور ایم کیوایم کے کارکنان آج جس جذبے کے تحت بارش متاثرین کیلئے ایک بار پھر نکل آئے ہیں وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تربیت کا نتیجہ ہے۔انہوں نے کہا کہ متاثرین کو ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا اور بارش کے دوران ندی نالوں کی کھدائی وصفائی اور نکاسی آب کے کاموں میں مصروف ٹاؤنز کے عملے اور ایم کیوایم کے کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## این ای ڈی یونیورسٹی میں اے پی ایم ایس او کے کارکنوں پر اسلامی جمعیت طلبہ کے مسلح دہشت گردوں کا تشدد کارکنوں کو کلاس سے نکال نکال کر مارا گیا، پتھراؤ کیا گیا۔یونیورسٹی کے عملے کے ساتھ بہیمانہ سلوک واقعہ نے ایک بار پھر جمعیت کی نام نہاد امن پسندی کے چہرے سے نقاب اتار دیا ہے۔اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔10اگست 2007ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی کے ارکان نے این ای ڈی یونیورسٹی میں اسلامی جمعیت طلبہ کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے اے پی ایم ایس او کے کارکنوں کو تشدد کا نشانہ بنانے اور یونیورسٹی کے اساتذہ اور عملے کے ساتھ بہیمانہ سلوک کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ جمعرات کو جمعیت کے دہشت گردوں نے ایک طے شدہ سازش کے تحت یونیورسٹی میں اے پی ایم ایس او کے کارکنوں سمیر، عسکری اور سکندر کو کسی جواز کے بغیر تشدد کا نشانہ بنایا۔ایک کارکن علی کو کلاس سے نکال کر بری طرح مارا پیٹا گیا۔جمعیت کے دہشت گردوں نے یونیورسٹی کا پرامن ماحول خراب کرنے کیلئے اے پی ایم ایس او کے کارکنوں اور یونیورسٹی کے طلبہ پر شدید پتھراؤ بھی کیا۔یونیورسٹی کے اساتذہ اور عملے نے مداخلت کی تو جمعیت کے دہشت گردوں نے انہیں بھی بہیمانہ سلوک کا نشانہ بنایا۔بعدازاں جب اے پی ایم ایس او کے کارکنان یونیورسٹی سے باہر نکلے تو گیٹ پر موجود جمعیت کے دہشت گردوں نے ایک بار پھر اے پی ایم ایس او کے کارکنوں پر حملہ کردیا جس کے نتیجے میں تین کارکنان اسد، سمیر اور توصیف زخمی ہوگئے۔تنظیم نو کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ جمعیت کے دہشت گردوں نے اسی پر بس نہیں کیا بلکہ اے پی ایم ایس او کے کارکنوں طلحہ اور نعمان کے گھروں پر جاکر ان کے اہل خانہ کو دھمکیاں دیں اور دیگر کارکنوں کے گھروں پر فون کرکے اہل خانہ کو دھمکیاں دیں۔تنظیم نو کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ جمعیت کی یہ پرانی روایت ہے کہ جب بھی تعلیمی اداروں میں اے پی ایم ایس او کا تنظیمی کام بڑھنے لگتا ہے اور وہ تعلیمی اور غیرنصابی سرگرمیوں کے فروغ کے سلسلے میں مؤثر کردار ادا کرتی ہے تو جمعیت اسی طرح کی دہشت گردی کی کارروائیاں شروع کردیتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ این ای ڈی یونیورسٹی میں ہونے والے اس واقعہ نے ایک بار پھر جمعیت کی نام نہاد امن پسندی کے چہرے سے نقاب اتار دیا ہے اور طلبہ، اساتذہ اور یونیورسٹی کے عملے نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے کہ اپنے مذموم مقاصد کے لئے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کیلئے دہشت گردی کی کارروائیاں کون کررہا ہے۔کمیٹی کے ارکان نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ ارباب غلام رحیم سے مطالبہ کیا کہ اے پی ایم ایس او کے کارکنوں کو تشدد کا نشانہ بنانے والے اور یونیورسٹی کے عملے کے ساتھ بہیمانہ سلوک کرنے والے جمعیت کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

## این ای ڈی یونیورسٹی میں اسلامی جمعیت طلبہ کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے اے پی ایم ایس او کے کارکنوں کو تشدد اور یونیورسٹی کے اساتذہ اور دیگر عملے کے ساتھ بہیمانہ سلوک قابل مذمت ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔10اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے این ای ڈی یونیورسٹی میں جماعت اسلامی کی تنظیم اسلامی جمعیت طلبہ کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے اے پی ایم ایس او کے کارکنوں کوتشدد کا نشانہ بنانے اور یونیورسٹی کے اساتذہ اوردیگر عملے کے ساتھ بہیمانہ سلوک کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جمعرات کواین ای ڈی یونیورسٹی میں جمعیت کے مسلح دہشت گردوں نے کسی جواز کے بغیراے پی ایم ایس او کے کئی کارکنوں کوتشدد کا نشانہ بنایااور جب یونیورسٹی کے اساتذہ اورسیکوریٹی کے عملے نے مداخلت کی توجمعیت کے دہشت گردوں نے ان کے ساتھ بھی توہین آمیز سلوک کیا۔صرف یہی نہیں بلکہ جمعیت کے دہشت گردوں نے اے پی ایم ایس او کے کئی کارکنوں کے گھروں پر جاکران کے اہل خانہ کوبھی دھمکیاں دیں اورانہیں ہراساں کیا۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ دراصل جس طرح جماعت اسلامی کوشہرکاامن وسکون پسندنہیں ہے اسی طرح اس کی ذیلی تنظیم کوتعلیمی اداروں کاامن وسکون اورتعلیمی اداروں میں اے پی ایس او کی تنظیمی سرگرمیاں بھی برداشت نہیں ہورہی ہیں یہی وجہ ہے کہ جمعیت نے این ای ڈی میں یہ دہشت گردی کی تاکہ یونیورسٹی کا پرامن ماحول خراب کیا جائے اوروہاں اے پی ایم ایس اوکا تنظیمی کام بندکرایا جائے۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ اس دہشت گردی اورغنڈہ گردی نے ایک بارپھرثابت کردیا ہے کہ اصل دہشت گرد کون ہے ۔ارکان سندھ اسمبلی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ ارباب غلام رحیم سے مطالبہ کیا کہ اے پی ایس او کے بے گناہ کارکنوں کوتشدد کا نشانہ بنانے والے جمعیت کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم پنجاب راوی ٹاؤن کے جوائنٹ انچارج،سانگھڑ،
## نوشہروفیروززون اورلیاقت آبادسیکٹرکے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی ۔۔۔10،جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پنجاب راوی ٹاؤن یونٹ کے جوائنٹ انچارج سید مزمل بخاری کے والدسیدنذیرحسین شاہ بخاری،ایم کیوایم سانگھڑزون شہداد پورسیکٹر کے انچارج محمد امتیاز ملاح کی ہمشیرہ سعیدہ بیگم،ایم کیوایم نوشہروفیروز پڈعیدن A کی یونٹ کمیٹی کے رکن ارشدسرفراز کے والدمحمد سرفراز،ایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹر 166یونٹ کی کمیٹی کے رکن اختر کے والدمحمد علی اورایم کیوایم سانگھڑزون سیکٹر کھپرو یونٹ کھائی کے کارکن محمد اسلم کے والدشیر دین کے انتقال پر گہرے رنج وغم اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی میں ملوث ہونے کی بناء پرایم کیوایم تیسرٹاؤن یونٹ کمیٹی کے رکن پرویزمسیح اورکارکن جہانزیب کوتحریک کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی ۔۔۔10،جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اورغیرمناسب حرکات میں ملوث ہونے کی بناء پرایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹرتیسرٹاؤن یونٹ کمیٹی کے رکن پرویزمسیح ولدرحمت مسیح اورکارکن جہانزیب ولدعبدالمنان کوتحریک کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کوہدایت کی کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی بھی قسم کارابطہ ہرگزنہ رکھیں۔

## حق پرستی کے نظریئے کو سازشوں سے نہیں روکا جاسکتا، انور عالم
## شاہ فیصل سیکٹر میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔10، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک میں غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور حق پرستی کے نظریئے کو سازشوں سے نہیں روکا جاسکتا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جنرل ورکرز اجلاس میں کراچی کے تنظیمی دورے پر آئے ہوئے ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انور عالم نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کا مقصد اقتدار کا حصول ہے اور وہ اقتدار کے حصول کیلئے غریبوں کے حقوق کا نعرہ لگارہی ہیں جبکہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریبوں کے حقوق کا محض نعرہ ہی نہیں لگایا بلکہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ اور باصلاحیت نوجوانوں کو منتخب کرواکر ایوانوں میں بھی بھیجا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست منتخب نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس کے مطابق بلاامتیاز وتفریق عوام کی عملی خدمت میں مصروف ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج مذہبی اقلیتوں سمیت ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہیں اور اپنے حقوق کیلئے جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد کو روکنے کیلئے ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کا سلسلہ جاری ہے لیکن سازشی ہتھکنڈوں کے ذریعے ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان کو حق پرستی کی جدوجہد سے باز نہیں رکھا جاسکتا اور نہ ہی جھوٹے اور منفی پروپیگنڈوں سے عوام کو گمراہ کیا جاسکتا ہے۔ انور عالم نے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ تحریک کے مشن ومقصد اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور عوام میں شعوری بیداری کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔

☆☆☆☆☆